نیو یارک شہر کے لیے مردم شماری میں آپ کی شمولیت لازمی ہے!



مردم شماری کیا ہے؟

مردم شماری میں ریاستہائے متحدہ امریکہ میں رہ رہے ہر شخص کو شامل کیا جاتا ہے۔

یہ مردم شماری ہر دس سالوں پر انجام دی جاتی ہے۔

مردم شماری طے کرتی ہے:

- وفاق فنڈز میں عوامی تعلیم، نگہداشتِ صحت، سستی رہائش، بنیادی ڈھانچہ وغیرہ کے لیے سینکڑوں بلین ڈالر موجود ہے۔
- کانگریس کے اندر نیو یارک کی نشستوں کی تعداد۔
- کس طرح ہم لوگ درست ڈیٹا کی بنیاد پر مقامی پالیسی، ہنگامی خدمات، نقل وحمل، نگہداشتِ صحت وغیرہ کے بارے میں اہم فیصلے کرتے ہیں۔

مردم شماری کا اثر درج ذیل کے لیے سینکڑوں بلین ڈالر میں ہمارے منصفانہ حصے پر پڑتا ہے:

- بچوں کے لیے صحت بیمہ پروگرام (Children's Health Insurance Program, CHIP)، تعلیم، اساتذہ، رسد، اور بعد از اسکول پروگرامز، بشمول خصوصی ضروریات والے بچے اور کم آمدنی والے گھرانے۔
- تعلیم بالغان، جاب ٹریننگ پروگرامز، جن میں سابق فوجیوں، بیرون ملک پیدا ہونے والوں، معذوروں اور سزا یافتہ نیو یارک کے باشندگان کے لیے ترجیحی خدمات شامل ہیں۔
- سینئر سنٹر اپ-گریڈز اور پروگرامنگ، جن میں کھانے شامل ہیں۔
- سستی رہائش میں مدد (سیکشن 8)، دیکھ بھال، مرمتیں اور اصلاحات کے کام۔

لہذا، ہمیں مردم شماری میں نیو یارک کے تمام باشندگان کو شمار کروانے کی ضرورت ہے۔

مردم شماری میں آپ کی شرکت سے ہمارے معاشروں کے مستقبل کی تشکیل ہوتی ہے۔

۲۰۱۰ میں، نیو یارک کے صرف ٪۲٦ باشندگان نے مردم شماری میں خود سے حصّہ لیا جو کہ ٪٦۷ کے قومی اوسط سے بہت کم ہے۔

اگر ۲۰۲۰ میں نیو یارک باشندگان کی بڑی تعداد شرکت کرتی ہے تو ہم اپنے اسکولوں، نگہداشتِ صحت، اور ان پروگراموں اور خدمات کے لیے اور زیادہ رقم حاصل کریں گے جن پر ہم روزانہ انحصار کرتے ہیں۔

NYC
Bill de Blasio
Mayor

CENSUS 2020
Julie Menin
Director

مردم شماری میں کیا پوچھا جاتا ہے؟

- آپ کے گھر پر کتنے لوگ رہائش پذیر یا مقیم ہیں
- آیا آپ کا گھر اپنا ہے یا کرایے کا ہے
- ان کی جنس، عمر، نسل، اور نسلیت
- آپ کے گھر کا پتہ

۲۰۲۰ کی مردم شماری میں آپ کے بارے میں درج ذیل چیزیں نہیں پوچھی جائیں گی:

- امیگریشن یا شہریت کی حالت
- آمدنی
- سوشل سیکورٹی نمبر (Social Security Number)

آپ کی معلومات محفوظ ہیں!

- تمام جوابات خفیہ اور از روئے قانون تحفظ یافتہ ہیں، اور انہیں کسی صورت آپ کے خلاف استعمال نہیں کیا جا سکتا ہے۔
- از روئے قانون، مردم شماری بیورو (Census Bureau) کسی بھی شخصی معلومات کا اشتراک دیگر حکومتی ایجنسیوں کے ساتھ نہیں کر سکتا ہے، جن میں قانون نافذ کرنے والے ادارے شامل ہیں۔

اس قانون کی خلاف ورزی کی سزا پانچ سالوں تک جیل اور ۲۵۰،۰۰۰$ جرمانہ ہے۔

مردم شماری کے لیے نیو یارک شہر کس طرح تیار ہو رہا ہے؟

۲۰۱۹ میں، ڈی بلیسیو (de Blasio) انتظامیہ نے نیو یارک شہر سینسس ۲۰۲۰ کی شروعات کی جو ۲۰۲۰ کی مردم شماری میں نیو یارک کے تمام باشندگان کے مکمل اور درست شمار کو یقینی بنانے کے لیے مردم شماری کو منظم کرنے والی اولین قسم کی پیشقدمی ہے۔ اس پروگرام کی نمایاں خصوصیات حسب ذیل ہیں:

- مکمل شمار کے لیے نیو یارک سٹی فنڈ نے، جس کو ڈی بلیسیو انتظامیہ اور سٹی کونسل کی فنڈنگ کا تعاون حاصل ہے، کمیونٹی پر مبنی ایسی تنظیموں کے توسط سے جن سے نیو یارک کے باشندگان واقف ہیں اور جن پر وہ بھروسہ کرتے ہیں مردم شماری سے متعلق آگہی اور تحریک کے لیے ۱۹$ ملین کی سرمایہ کاری کی ہے ۔
- ایجنسی کی شراکتیں شہر کے ۳۵۰،۰۰۰ مضبوط افرادی قوت اور اس کے بڑے انسٹی ٹیوشنز کی طاقت کو کام میں لائیں گی، جن میں لائبریریاں، ہسپتال، اور عقیدے پر مبنی، ثقافتی، اور اعلی تعلیمی ادارے شامل ہیں۔
- نیو یارک شہر کے سبھی باشندگان تک پہنچنے کے لیے شہر کی قیادت میں فیلڈ اور مارکیٹنگ مہم۔ اپنے قرب وجوار میں رضاکارانہ خدمت انجام دیں: nyc.gov/census

مردم شماری کب شروع ہوگی؟



۱۲ مارچ ۲۰۲۰

my2020census.gov

- پہلی بار آپ مردم شماری متعدد زبانوں میں آن لائن، بذریعہ میل یا فون مکمل کر سکیں گے۔
- فارم کس طرح پُر کرنا ہے اس بابت مردم شماری بیورو کی جانب سے معلومات کے لیے اپنا میل باکس دیکھیں۔
- سبھی نیو یارک شہر پبلک لائبریری برانچ اور بہت ساری بھروسے مند کمیونٹی پر مبنی تنظیمیں بھی فارم پُر کرنے میں مدد فراہم کریں گی۔

nyc.gov/census

ur_08